http://www.iahlesunnat.net

# حج و عمرہ

## طریقہ مع ضروری مسائل



مصنف
حضرت علامہ
سید شاہ تراب الحق قادری علیہ الرحمہ

شعبۂ نشر و اشاعت
تحریک اتحادِ اہلسنّت (پاکستان)

http://www.iahlesunnat.net



# پیش لفظ

الحمدللہ یااللہ والصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (آل عمران: ۳/۹۷)

ترجمہ: اور اللہ کے لئے لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا ہے جو اس تک چل سکے اور جو منکر ہو تو اللہ سارے جہان سے بے پرواہ ہے۔

(کنزالایمان)

فرمانِ الٰہی ہے: وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ۔

(البقرۃ: ۲/۱۹۶)

ترجمہ: حج اور عمرہ کو اللہ کے لئے پورا کرو۔ (کنزالایمان)

حج ایک عظیم الشان عبادت ہے جو ہر صاحبِ استطاعت

http://www.iahlesunnat.net



مسلمان پر زندگی میں ایک بار فرض ہے اور عمرہ کرنا ہمارے آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور صحابہ کرام کی سنتِ مبارکہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے: حج اور عمرہ کیا کرو، یہ محتاجی اور گناہوں کو ایسا دور کرتے ہیں جیسے بھٹی لوہے، چاندی اور سونے کے میل کو دور کرتی ہے۔ (ترمذی، نسائی)

بہت خوش نصیب ہیں وہ جو عمرہ یا حج کی سعادت پاتے ہیں اور اپنی آنکھوں سے بیت اللہ شریف اور گنبد خضرا کا روح پَرور نظارہ کرتے ہیں۔ اصل کامیابی اس میں ہے کہ حج وعمرہ کو صحیح طریقہ سے ادا کیا جائے اور اس مقدّس سفر کے ہر ہر لمحہ کو قیمتی سمجھ کر رب تعالیٰ اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضا میں بسر کیا جائے۔ کوشش کیجئے کہ جب آنکھ اُٹھے خانہ کعبہ کا دیدار ہو یا گنبدِ خضراء کا جلوہ پیشِ نظر رہے۔

آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ ربِ تعالیٰ نے فرمایا: ہر

http://www.iahlesunnat.net



زیارت کرنے والے کا اُس پر حق ہے جس کی زیارت کو جائے ، میرے گھر کی زیارت کرنے والوں کا مجھ پر یہ حق ہے کہ میں دنیا میں انہیں عافیت دوں گا اور جب مجھ سے ملیں گے تو ان کی مغفرت فرمادوں گا۔ (طبرانی فی الاوسط)

حج وعمرہ کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ ہم گناہگار اُن مقدّس مقامات پر جاکر دعا مانگیں جہاں رب تعالیٰ نے جلیل القدر انبیاء علیہم السلام پر خاص نعمتیں اور رحمتیں نازل فرمائی ہیں تاکہ ان کے صدقے میں ہم گناہگار بھی نوازے جائیں۔

استاذی ومرشدی قبلہ شاہ صاحب حفظہ اللہ کی تالیف "حج وعمرہ" مختصر مگر جامع ہے۔ عازمینِ حرمین پڑھیں اور عمل کریں، نیز مؤلف، مرتب اور معاونین کو بھی دعائے خیر میں یاد رکھیں۔

محمد آصف قادری

http://www.iahlesunnat.net



بسم اللہ الرحمن الرحیم

والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم

# ﴿عمرہ﴾

(۱) احرام (شرط)

(۲) طواف (رکن)

(۳) سعی (واجب)

(۴) بال منڈوانا یا کتروانا (واجب)

# ﴿عمرہ کا طریقہ﴾

۱۔ بغل کے اور زیرِ ناف بال صاف کریں اور ناخن کاٹ لیں۔ پھر وضو اور غسل کر کے جسم پر اور احرام پر خوشبو لگا لیں۔

۲۔ مرد حضرات دو بغیر سلی چادریں لیں۔ ایک چادر بطور تہبند ناف

http://www.iahlesunnat.net



کے اوپر باندھ لیں کہ ٹخنے ظاہر رہیں اور دوسری چادر اس طرح اوڑھ لیں کہ دونوں کندھے ڈھک جائیں۔ اگر مکروہ وقت نہ ہوتو سر ڈھانپ کر دو رکعت نماز احرام کی نیت سے پڑھیں۔ گھر ہی سے احرام باندھنا بہتر ہے اگر چہ نیت ائیر پورٹ پر یا جہاز میں سوار ہو کر بھی جا سکتی ہے۔

۳۔ مرد اپنے سر سے کپڑا ہٹا کر عمرہ کی نیت کریں: "اے اللہ! میں عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں، اسے میرے لئے آسان کر دے اور اسے میری طرف سے قبول فرما، اس کے ادا کرنے میں میری مدد فرما اور اسے میرے لئے بابرکت بنا۔"

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ط لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

لَبَّيْكَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ط لَا

http://www.iahlesunnat.net



شَرِیْکَ لَکَ ط

ترجمہ: میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں ، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں ۔ بیشک سب تعریف تیرے لئے ہیں اور سب نعمتیں تیری ہی عطا کردہ ہیں اور بادشاہی تیرے ہی لئے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔

پھر درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔ میقات پر یا اس سے قبل احرام کی نیت ضروری ہے۔ نیت اور تلبیہ پڑھنے سے احرام کی پابندیاں شروع ہوجاتی ہیں۔

(احرام کے مسائل آگے تحریر ہیں)

۴۔حرم شریف میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں اندر رکھیں اور

http://www.iahlesunnat.net



مسجد میں جانے کی دعا پڑھ کر اعتکاف کی نیت کر لیں۔

۵۔نظریں نیچی رکھتے ہوئے چلیں اور جب خانۂ کعبہ پر پہلی نظر پڑے تو ٹھہر جائیں اور کعبہ شریف پر نظر جمائے رکھیں اور تین بار ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہیں پھر درود پڑھ کر دعا مانگیں۔پہلی نظر میں جو دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔یہ دعا بہتر ہے کہ ''مولیٰ! میں جو دعا مانگوں وہ سب قبول فرما''۔

۶۔حجر اسود کی سیدھ میں پہنچ کر تلبیہ پڑھنا بند کر دیں اور مرد اضطباع کریں یعنی احرام کی اوپر والی چادر کو دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال لیں۔پھر طواف کی نیت کریں، خیال رہے کہ حجر اسود کی سیدھ میں دائیں طرف مسجد کی دیوار پر سبز ٹیوب لائٹ ہر وقت روشن رہتی ہے۔

۷۔اب حجر اسود کی سیدھ میں اس طرح کھڑے ہوں کہ آپ کا سینہ

http://www.iahlesunnat.net



حجراسود کی طرف ہو۔ پھر ''بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللهُ اَكْبَرُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ'' پڑھ کر استلام کریں یعنی، دونوں ہاتھ اُٹھا کر حجراسود کی طرف چھونے کا اشارہ کر کے انہیں چوم لیں۔ پھر اسی جگہ کھڑے کھڑے دائیں طرف مڑ جائیں اور طواف شروع کر دیں۔

۸۔طواف کے پہلے تین پھیروں میں صرف مرد حضرات رَمَل کریں یعنی اکڑ کر کندھے ہلاتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلیں۔ ہر وہ طواف جس کے بعد سعی کرنی ہو، اس میں رمل ضروری (سنت) ہے۔

۹۔پورے طواف میں باوضو رہنا ضروری ہے خواہ طوافِ نفلی ہو ۔دورانِ طواف وضوٹوٹ جائے تو اگر چار پھیروں سے کم کئے ہوں تو جہاں سے چھوڑا وہیں سے شروع کریں یا چاہیں تو نئے سرے سے

http://www.iahlesunnat.net



شروع کریں۔ اگر چار سے زائد چکر کر لئے تو اب جہاں سے چھوڑا تھا وہیں سے طواف کرنا ہوگا۔

۱۰۔ دورانِ طواف، دیکھ کر دعائیں پڑھنے کے بجائے درود شریف، تیسرا کلمہ، استغفار اور کوئی بھی مسنون دعا پڑھتے رہیں۔ نیز اپنی زبان میں بھی جو دعائیں مانگنا چاہیں، مانگتے رہیں۔ رکنِ یمانی سے حجرِ اسود تک ''رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّار'' پڑھئے یہاں دعا پر آمین کہنے کے لئے ستر ہزار فرشتے مقرر ہیں، رکنِ یمانی کی طرف نہ اشارہ کریں نہ اپنے ہاتھ چومیں۔

۱۱۔ طواف کے دوران ہر بار جب حجرِ اسود کی سیدھ میں پہنچیں تو پاؤں موڑے بغیر صرف سینہ اور منہ حجرِ اسود کی طرف کریں اور استلام کریں۔ سات چکر پورے کر کے آٹھویں بار استلام کریں، دورانِ

http://www.iahlesunnat.net



طواف کہیں ٹھہرنا نہیں چاہیے۔

۱۲۔پھر دونوں شانے (کندھے) ڈھانپ کر مقامِ ابراہیم سے قریب تر کسی بھی جگہ ''وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰھٖمَ مُصَلًّی ط''

(البقرۃ:۲/۱۲۵)

(ترجمۂ کنزالایمان: اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ) پڑھ کر دو رکعت نمازِ طواف ادا کریں۔ اگر مکروہ وقت ہوتو بعد میں نماز ادا کی جائے، یہ نماز طواف کے واجبات سے ہے۔

اذانِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک، ظہر سے قبل ضحوۂ کبریٰ کا وقت اور نمازِ عصر سے غروبِ آفتاب تک نفل کے لئے مکروہ وقت ہے۔

۱۳۔پھر مُلتزَم یعنی بابِ کعبہ کے پاس آکر خوب رو رو کر دعا مانگیں کہ

http://www.iahlesunnat.net



قبولیت کا موقع ہے۔ احرام کی حالت میں خانہ کعبہ کو ہاتھ نہ لگائیں کیونکہ لوگ اس پر خوشبو لگا دیتے ہیں۔

جس طواف کے بعد سعی نہیں کرنی ہو (مثلاً نفل طواف) اس میں نماز طواف سے قبل ملتزم کے پاس آکر دعا مانگنی چاہیے۔

۱۴۔ نمازِ طواف کے بعد آبِ زم زم کھڑے ہو کر پیئیں اور یہ دعا مانگیں: اِلٰہی! میں تجھ سے نفع بخش علم، وسیع رزق اور ہر بیماری سے شفا مانگتا ہوں۔

پھر حجرِ اسود کی سیدھ میں آکر استلام کریں۔

۱۵۔ پھر سعی کے لئے صفا پر آئیں اور "اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ" (البقرۃ: ۲ / ۱۵۸) (ترجمۂ کنز الایمان: بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں سے ہیں) پڑھ کر قبلہ رُخ ہو کر سعی کی نیت کریں۔

http://www.iahlesunnat.net



الٰہی! میں تیری رضا کی خاطر صفا و مروہ کی سعی کی نیت کرتا ہوں، اسے میرے لئے آسان کردے اور قبول فرما۔

جب بھی صفا و مروہ پر چڑھیں تو تین بار اللہ اکبر کہہ کر چوتھا کلمہ پڑھیں، پھر درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔ اب صفا سے چلنا شروع کریں، مروہ تک ایک چکر ہوگا اس طرح ساتواں چکر مروہ پر ختم ہوگا۔ سعی کے دوران اضطباع نہ کریں۔

۱۶۔ ہر چکر میں سبز ستونوں کے درمیان صرف مرد مناسب انداز میں دوڑیں، وہاں یہ دعا پڑھیں

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ ط

ترجمہ: اے رب بخش اور رحم فرما، بیشک تو ہی سب سے زیادہ عزت اور بزرگی والا ہے۔

http://www.iahlesunnat.net



۱۷۔ سعی سے فارغ ہوکر اگر مکروہ وقت نہ ہو تو مسجد حرام میں آکر دو رکعت نفل ادا کریں۔

۱۸۔ پھر سر کے (حلق) بال منڈوائیں یا چوتھائی (قصر) مقدار میں بال کٹوائیں۔ عورتوں کو چاہیے کہ اپنی چٹیا کے بال اپنی انگلی کی ایک پور سے کچھ زائد کاٹ لیں۔ یہ احتیاط رکھیں کہ کم از کم چوتھائی سر کے بال ایک پور کے برابر کٹ جائیں، اب عمرہ مکمل ہو گیا۔

## ﴿احرام میں یہ باتیں حرام ہیں﴾

- مرد کو سِلا ہوا کپڑا پہننا۔
- مرد کو سر ڈھانکنا۔
- مرد کو ایسا جوتا پہننا جس سے پاؤں کی اُبھری ہوئی ہڈی چھپ جائے۔

http://www.iahlesunnat.net



- خشکی کے جانور کا شکار کرنا۔
- چہرے کو کپڑے سے ایسے ڈھانکنا کہ وہ چہرے کو مس کرے۔
- خوشبودار صابن استعمال کرنا۔
- خوشبو لگانا، خوشبودار چیز الائچی لونگ وغیرہ کھانا۔
- جس جگہ خوشبو لگی ہو اُسے چُھونا، پھولوں کا ہار پہننا۔
- جسم کے کسی حصہ سے بال دور کرنا، ناخن کاٹنا۔
- شہوت کے ساتھ عورت سے جسم مس کرنا۔
- جوں مارنا۔
- فحش گوئی، لڑائی جھگڑا کرنا۔

## احرام میں یہ باتیں مکروہ ہیں

- جسم کا میل چھڑانا۔

http://www.iahlesunnat.net



- جان بوجھ کر خوشبو سونگھنا۔
- سر یا ڈاڑھی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔
- اس طرح بال کھجانا کہ ٹوٹنے کا اندیشہ ہو۔
- ہاتھ پونچھنے کے لئے خوشبودار ٹشو پیپر استعمال کرنا۔
- منہ کا کوئی بھی حصہ کپڑے سے چھپانا، اگر نزلہ ہوجائے تو بھی رومال سے ناک نہ پونچھیں۔
- بغیر خوشبو کے صابن سے بال یا جسم دھونا۔

## طواف کے دوران یہ باتیں ناجائز ہیں

- حجر اسود کے مقابل آئے بغیر ہاتھ اُٹھانا۔
- استلام کے بعد دائیں مڑے بغیر طواف شروع کرنا۔
- حجر اسود تک پہنچنے کی کوشش میں کسی کو دھکا دینا۔

http://www.iahlesunnat.net



- فضول گفتگو یا دنیاوی باتیں یا موبائل فون پر بات کرنا۔
- طواف کے دوران خانہ کعبہ کی طرف دیکھنا۔
- دورانِ طواف کسی جگہ دعا کے لئے ٹھہرنا۔
- پیشاب پاخانے کے تقاضے کے وقت طواف کرنا۔
- بلا عذر نمازِ طواف ادا کئے بغیر اگلا طواف شروع کرنا، اگر نماز کا مکروہ وقت ہوتو اگلا طواف کرنا جائز ہے۔
- واجب طواف میں بلا عذر اضطباع اور رمل نہ کرنا۔
- دورانِ طواف کعبہ کی طرف منہ یا پیٹھ ہونا۔

**احتیاط:** احرام کے علاوہ بھی ناف سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک کا جسم چھپانا فرض اور اس کا دیکھنا حرام ہے۔ مرد احتیاط کریں کہ ان کا تہبند ناف سے نیچے نہ ہونے پائے۔

http://www.iahlesunnat.net



## ﴿مسجدِ عائشہ سے عمرہ﴾

مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران جب چاہیں، تنعیم نامی جگہ واقع مسجد عائشہ چلے جائیں اور وہاں دو نفل پڑھ کر عمرہ کی نیت کر کے مسجد حرام میں آجائیں پھر اوپر تحریر شدہ طریقے کے مطابق عمرہ ادا کر کے احرام کھول دیں۔

## ﴿حج کا بیان﴾

(۱) آٹھویں ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھ کر نیت کرنا شرط ہے۔

(۲) وقوفِ عرفات رکن ہے۔

(۳) وقوفِ مزدلفہ واجب ہے۔

(۴) رمیٔ جمار (شیطان کو کنکریاں مارنا) واجب ہے۔

(۵) قربانی (قارن اور متمتع پر) واجب ہے۔

http://www.iahlesunnat.net



(۶) سر منڈانا یا بال کترانا واجب ہے۔

(۷) طوافِ زیارت رکن ہے۔

(۸) سعی واجب ہے۔

(۹) طوافِ وداع واجب ہے۔

**نوٹ:** طوافِ وداع اہلِ مکہ پر واجب نہیں، طوافِ وداع کے وقت عورت اگر حیض ونفاس والی ہوتو بغیر طواف کئے وطن روانہ ہوسکتی ہے۔

## ﴿احکام﴾

(۱) شرط کے چھوٹنے سے حج نہیں ہوگا۔

(۲) رکن کے چھوٹنے سے حج نہیں ہوگا۔

(۳) واجب کے چھوٹنے سے دم لازم آئے گا۔

http://www.iahlesunnat.net



اگر کوئی واجب غلطی سے یا قصداً رہ جائے تو دم لازم آئے گا یعنی ایک بکرا یا دنبہ حدودِ حرام میں ذبح کرنا ہوگا۔ اگر چھوٹے ہوئے واجب کو وقتِ مقررہ میں ادا کر دیا جائے تو دم ساقط ہو جائے گا۔

حج ان خاص افعال کا نام ہے جو مخصوص اوقات میں مقررہ دنوں میں حج کی نیت سے احرام کی حالت میں ادا کئے جاتے ہیں۔ ان افعال میں منیٰ میں قیام ، وقوفِ عرفات، وقوفِ مزدلفہ ، رمی جمرات، ہَدِی یعنی قربانی، حلق یا قصر، طوافِ زیارت، سعی اور طوافِ وداع شامل ہیں۔

صدرالشریعہ مولانا امجد علی اعظمی رحمہ اللہ حج وعمرہ کے سفر کے آداب میں لکھتے ہیں: جس کا قرض لیا ہو یا امانت پاس ہو ادا کر دے، جن کے مال ناحق لئے ہوں واپس کر دے، اگر پتہ نہ چلے

http://www.iahlesunnat.net



تو اتنا مال فقیروں کو دے دے۔جس کی بے اجازت سفر مکروہ ہے جیسے ماں باپ،شوہر انہیں رضامندی کرے۔

اس سفر سے مقصود صرف اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں، ریا، شہرت اور فخر وغرور سے جدا رہے۔عورت کے ساتھ جب تک شوہر یا محرم بالغ قابلِ اطمینان نہ ہو جس سے نکاح ہمیشہ کو حرام ہے،سفر حرام ہے،اگر کرے گی تو حج ہو جائے گا مگر ہر قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔توشہ یعنی خرچ مالِ حلال سے لے ورنہ قبولِ حج کی امید نہیں۔(بہارِ شریعت)

## ﴿حج کے فضائل احادیث میں﴾

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے حج کیا اور فحش کلام کیا اور نہ فسق کیا تو گناہوں سے پاک ہو کر ایسے واپس ہوا جیسے اس دن

http://www.iahlesunnat.net



کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔(بخاری ومسلم)

آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے: عمرہ سے عمرہ تک ان گناہوں کا کفارہ ہے جو درمیان میں ہوئے اور حجِ مبرور کا ثواب جنت ہی ہے۔(بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے: رمضان میں عمرہ میرے ساتھ حج کے برابر ہے۔(بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ)

یہ بھی فرمایا: حج کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں، اللہ نے انہیں بلایا وہ حاضر ہوئے، انہوں نے مانگا اس نے عطا کیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے: حاجی اپنے گھر والوں میں سے چارسو کی شفاعت کرے گا اور گناہوں سے ایسا پاک ہوجائے گا جیسا کہ اس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔(بزار)

یہ بھی فرمایا: حاجی کی مغفرت ہوجاتی ہے اور حاجی جس کے

http://www.iahlesunnat.net



لئے استغفار کرے اس کی بھی۔(بزار،طبرانی)

یہ بھی فرمایا: جسے حج کرنے سے نہ کسی حاجت نے روکا، نہ ظالم حاکم نے اور نہ کسی شدید مرض نے، اور وہ حج کئے بغیر مر گیا تو وہ چاہے یہودی ہو کر مرے یا عیسائی ہو کر۔(دارمی)

## ﴿حج کی اقسام﴾

حج کی تین قسمیں ہیں: اِفراد، قِران اور تمتع۔

**حجِ اِفراد:** اِفراد کے معنی اکیلے یا تنہا کے ہیں۔ شرعی اصطلاح میں صرف حج کی نیت سے احرام باندھ کر حج کے افعال ادا کرنا اور عمرہ کے ساتھ نہ ملانا حجِ افراد کہلاتا ہے۔ ایسے حاجی کو **مُفرِد** کہتے ہیں، اس پر قربانی واجب نہیں بلکہ مستحب ہے۔

**حجِ قِران:** قِران کے لغوی معنی دو چیزوں کو باہم ملانے کے ہیں۔

http://www.iahlesunnat.net



شرعی اصطلاح میں عمرہ اور حج دونوں کے لئے ایک ہی مرتبہ احرام باندھنا اور اسی احرام سے عمرہ اور حج ادا کرنا قِران کہلاتا ہے۔

**حجِ تمتع:** تَمَتُّعْ کے لغوی معنی ہیں نفع اُٹھانا۔ شرعاً اس کا مفہوم یہ ہے کہ حج کرنے والا پہلے عمرہ کی نیت سے احرام باندھے اور عمرہ ادا کرکے احرام کھول دے۔ پھر **8 ذی الحجہ** کو حج کی نیت سے دوبارہ احرام باندھے اور مناسکِ حج ادا کرے، اس حج کو تمتع اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں حج کرنے والا عمرہ کرکے احرام کھول دیتا ہے اور حج سے پہلے کے درمیانی ایام میں ان چیزوں سے جو احرام کی وجہ سے منع ہوتی ہیں، فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

مذکورہ اقسام میں سے حجِ قِران افضل ہے البتہ اکثر لوگ آسانی کی وجہ سے حجِ تمتع کرتے ہیں۔

http://www.iahlesunnat.net



# ﴿حج کے فرائض﴾

۱۔حج کی نیت سے احرام باندھنا اور تلبیہ پڑھنا۔

۲۔وقوفِ عرفات: اس کا وقت 9 ذی الحجہ زوالِ آفتاب سے لے کر 10 ذی الحجہ کی طلوعِ فجر تک ہے۔

۳۔طوافِ زیارت: اس کا وقت 10 ذی الحجہ کی صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور یہ 12 ذی الحجہ تک کیا جا سکتا ہے۔

# ﴿حج کے واجبات﴾

۱۔مزدلفہ میں 10 ذی الحجہ کی صبح نمازِ فجر کے بعد کچھ دیر ٹھہرنا۔

۲۔شیطانوں کو کنکریاں مارنا۔

۳۔قربانی۔

۴۔بال منڈوانا یا کتروانا۔

http://www.iahlesunnat.net



۵۔طوافِ زیارت کے بعد حج کی سعی کرنا۔

۶۔مکہ سے رخصت ہوتے ہوئے طوافِ وداع کرنا۔(یہ حائضہ عورت پر واجب نہیں)

## ﴿حج کی سنتیں﴾

طوافِ قدوم کرنا، میقات کے باہر سے آنے والا جو پہلا طواف کرے، اسے طوافِ قدوم کہتے ہیں۔

ہر وہ طواف جس کے بعد سعی کرنی ہو اس میں رَمَل اور اضطباع کرنا۔

9ذی الحجہ سے پہلی رات کو منیٰ میں فجر تک رہنا۔

9ذی الحجہ کو طلوعِ آفتاب کے بعد عرفات کو جانا۔

عرفات سے طلوع کے بعد مزدلفہ کو روانہ ہونا۔

عرفات سے واپسی پر مزدلفہ میں رات کو ٹھہرنا۔

http://www.iahlesunnat.net



مزدلفہ سے طلوعِ آفتاب سے قبل منیٰ کو روانہ ہونا۔

منیٰ میں قیام کے دوران راتوں کو منیٰ میں رہنا۔

اب ہم ترتیب وار ایامِ حج کے اعمال بیان کرتے ہیں۔

## حج کا پہلا دن۔8ذی الحجہ

احرام کی حالت میں مکہ سے منیٰ روانگی۔

منیٰ میں ظہر،عصر،مغرب،عشاء کی ادائیگی۔

رات منیٰ میں قیام کرنا ہے۔

## حج کا دوسرا دن۔9ذی الحجہ

منیٰ میں نمازِ فجر ادا کرکے عرفات کو روانگی۔

عرفات میں ظہر اور عصر کی اپنے اپنے اوقات میں ادائیگی، چونکہ حاجی خیموں میں ہوتے ہیں اس لئے بھی ظہر اور عصر جمع نہیں کریں گے۔

http://www.iahlesunnat.net



زوال کے بعد عرفات میں وقوف (یعنی ٹھہرنا)۔ یہاں قبلہ رُو کھڑے ہوکر رب تعالیٰ سے دعائیں مانگیں۔

غروبِ آفتاب کے بعد مغرب پڑھے بغیر مزدلفہ روانگی۔

مزدلفہ میں عشاء کے وقت میں مغرب اور عشاء کی ایک ساتھ ادائیگی۔ (مغرب کی سنتیں عشاء کے بعد پڑھی جائیں)

رات مزدلفہ میں قیام کرنا ہے۔ مزدلفہ میں وقوف کا وقت طلوعِ فجر سے اُجالا ہونے تک ہے۔ (مزدلفہ سے موٹے چنے کے برابر ستر (70) سے زائد کنکریاں چن لیں)

## حج کا تیسرا دن ۔ 10 ذی الحجہ

مزدلفہ میں نمازِ فجر اور وقوف کے بعد منیٰ روانگی۔

پہلے بڑے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

http://www.iahlesunnat.net



پھر متمتع اور قارن کا قربانی کرنا، مفرد چاہے تو شکرانے کے طور پر جانور کی قربانی کرے۔

پھر سر کے بال منڈوانا یا کتروانا۔

پھر طوافِ زیارت وسعی کے لئے مکہ جانا۔

مکہ سے واپس آ کر رات منیٰ میں قیام کرنا ہے۔

## ﴿حج کا چوتھا دن۔11ذی الحجہ﴾

اگر طوافِ زیارت کل نہیں کیا تھا تو آج کر لیں۔

منیٰ میں زوال کے بعد چھوٹے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

پھر درمیانے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

پھر بڑے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

رات منیٰ ہی میں قیام کرنا ہے۔

http://www.iahlesunnat.net



# ﴿حج کا پانچواں دن۔ 12 ذی الحجہ﴾

طوافِ زیارت کل بھی نہیں کیا تھا تو آج غروبِ آفتاب سے پہلے ضرور کرلیں ورنہ دم واجب ہوگا۔

منیٰ میں زوال کے بعد چھوٹے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

پھر درمیانے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

پھر بڑے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا۔

اگر غروبِ آفتاب سے قبل منیٰ سے نہیں نکل سکے تو رات منیٰ ہی میں قیام کریں اور **13 ذی الحجہ** کو زوال کے بعد مقررہ ترتیب سے شیطانوں کو کنکریاں مار کر مکہ پہنچ جائیں۔ **13 ذی الحجہ** کے بعد پھر جب تک مکہ میں رہیں بکثرت طواف اور عمرے کرتے رہیں۔

http://www.iahlesunnat.net



# ﴿چند اہم مسائل﴾

حج کا احرام باندھنے کے بعد اضطباع ورمل کے ساتھ طواف اوراس کے بعد سعی کرلی جائےتو پھر طوافِ زیارت میں انہیں ادا کرنے کی حاجت نہیں ہوگی ۔طوافِ زیارت چونکہ عام لباس میں کیا جاتا ہے لہٰذا اس میں اضطباع نہیں ہوسکتا، نیز اس وقت ہجوم زیادہ ہونے کی وجہ سے رمل اور سعی بہت مشکل ہوتے ہیں اس لئے ان کا پہلے کرلینا بہتر ہے۔

مکہ معظّمہ میں جس طرح ایک نیکی ایک لاکھ نیکی کے برابر ہے، یوں ہی ایک گناہ ایک لاکھ گناہ کے برابر۔احتیاط کیجئے کہ آپ کا جسم قصداً کسی نامحرم کے جسم سے مَس نہ ہواور آپ کی نگاہیں بھی قصداً کسی نامحرم کی طرف نہ اُٹھیں۔

http://www.iahlesunnat.net



## ﴿طوافِ وداع﴾

جس دن مکہ مکرمہ سے رخصت ہونا ہو، اُسی دن عام لباس میں طوافِ وداع کریں، اس کے بعد سعی نہ کریں۔ چونکہ اب خانۂ کعبہ سے جدائی ہونی ہے اس لئے نہایت خشوع وخضوع اور سوز وگداز سے دعائیں مانگیں اور اپنی آئندہ حاضری کے لئے گڑگڑا کر التجا کریں۔ دو رکعت طواف کے بعد جی بھر کے آبِ زم زم پیئیں، پھر ملتزم آکر دعا مانگیں۔

## ﴿عورتوں کے اہم مسائل﴾

❁ عورت ایامِ حیض میں احرام باندھ سکتی ہے، وہ نیت کر کے تلبیہ پڑھے مگر نماز نہ پڑھے۔

❁ اگر حالتِ احرام میں حیض آجائے تو احرام قائم رہے گا۔ اس حالت

http://www.iahlesunnat.net



میں مسجد میں آنا اور طواف منع ہے۔

۞ عورت کے لئے مرد کی طرح احرام نہیں، اس کے لئے سر ڈھانکنا واجب ہے۔ احرام کی حالت میں عورت سر پر ایک رومال باندھ لے تاکہ سر کے بال نہ ٹوٹیں اور وضو کے وقت اسے کھول کر بالوں کا مسح کرے۔

۞ عورت روزمرہ کا سلا ہوا لباس اور عام جوتے پہنے۔

۞ عورت تلبیہ آواز سے نہ کہے۔

۞ عورت طواف میں رمل نہ کرے اور نہ ہی تیز چلے۔

۞ عورت طواف کے دوران اور طواف کے بعد دو رکعت ادا کرنے کے لئے مردوں کے ہجوم سے الگ رہے۔

۞ عورت کو سعی کے دوران سبز ستونوں کے درمیان دوڑنا نہیں چاہیے۔

http://www.iahlesunnat.net



۞ احرام سے نکلتے وقت عورت اپنے سر کے بال انگلی کے ایک پورے سے کچھ زائد کٹوائے گی۔

## ﴿طواف کی دعائیں﴾

جب حجر اسود کے قریب پہنچیں تو یہ دعا پڑھیں:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ صَدَقَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ہاتھ حجر اسود کی طرف اُٹھا کر یہ پڑھیں:

بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللهُ اَكْبَرُ
وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ

http://www.iahlesunnat.net



استلام کے وقت یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَطَھِّرْلِیْ قَلْبِیْ وَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ

جب ملتزم کے سامنے آئے تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الْبَیْتُ بَیْتُکَ وَالْحَرَمُ حَرَمُکَ وَالْاَمْنُ اَمْنُکَ وَھٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِکَ مِنَ النَّارِ فَاَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَۃٍ بِخَیْرٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ

http://www.iahlesunnat.net



عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ط

جب رُکنِ عراقی کے سامنے آئے تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الشَّكِّ وَالشِّرۡكِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوۡءِ الۡاَخۡلَاقِ وَسُوۡءِ الۡمُنۡقَلَبِ فِی الۡمَالِ وَالۡاَھۡلِ وَالۡوَلَدِ

جب میزابِ رحمت کے سامنے آئے تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیۡ تَحۡتَ ظِلِّ عَرۡشِكَ یَوۡمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّكَ وَلَا بَاقِیَ اِلَّا وَجۡھُكَ وَاسۡقِنِیۡ مِنۡ حَوۡضِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ شَرۡبَةً ھَنِیۡئَةً لَّا اَظۡمَاُ بَعۡدَھَا اَبَدًا ط

جب رُکنِ شامی کے سامنے آئے تو یہ دعا پڑھے:

http://www.iahlesunnat.net



اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ يَا عَالِمَ مَا فِي الصُّدُوْرِ اَخْرِجْنِيْ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

## ﴿روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حاضری﴾

رب تعالیٰ نے اس آیتِ کریمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہونے کا حکم دیا ہے۔

ارشاد ہوا: اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول بھی ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ (النساء: ۶۴)

روضۂ اقدس پر حاضری کے متعلق چند احادیث درج ذیل

http://www.iahlesunnat.net



ہیں۔

آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔(دارقطنی ، بیہقی ، ابن خزیمہ)

جس نے میری حیاتِ ظاہری کے بعد حج کیا اور پھر میری زیارت کی گویا اس نے میری حیاتِ ظاہری میں میری زیارت کی۔ (دارقطنی ،بیہقی ،مشکوٰۃ)

جو سفر کر کے میری زیارت کو آیا، وہ قیامت میں میرا پڑوسی ہوگا اور جو مدینہ شریف میں یہاں کی مشکلات پر صبر کرے گا ، میں قیامت میں اس کا شفیع اور گواہ ہوں گا۔ (مشکوٰۃ)

جس نے حج کیا پھر میری مسجد آ کر میری زیارت کی ،اس کے لئے دو مقبول حج لکھ دیئے گئے۔ (مسند الفردوس)

http://www.iahlesunnat.net



جس نے میری زیارت کا ارادہ کیا پھر میری زیارت کو آیا، وہ قیامت کے دن میری پناہ میں ہوگا۔ (ابوجعفر عقیلی)

ان احادیثِ مبارکہ کو ذہن نشین کرتے ہوئے اپنے آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کے ارادے سے سفر شروع کیجئے، راستے میں درود وسلام زبان پر جاری رہے اور دل عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کیفیت سے سرشار ہو۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے یہ اشعار بھی کیف وسرور پیدا کرنے میں معاون ہوں گے۔

حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبہ کا کعبہ دیکھو
آبِ زم زم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ جودِ شہ کوثر کا بھی دریا دیکھو

http://www.iahlesunnat.net



رکنِ شامی سے مٹی وحشتِ شام غربت
اب مدینہ کو چلو صبح دل آرا دیکھو

دھوم دیکھی ہے در کعبہ پہ بیتابوں کی
ان کے مشتاقوں میں حسرت کا تڑپنا دیکھو

واں مطیعوں کا جگر خوف سے پانی پایا
یاں سیہ کاروں کا دامن پہ مچلنا دیکھو

خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلافِ کعبہ
قصرِ محبوب کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو

غور سے سن تو رضاؔ کعبہ سے آتی ہے صدا
میری آنکھوں سے مرے پیارے کا روضہ دیکھو

http://www.iahlesunnat.net



# ﴿حاضری کے آداب﴾

امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: یہ کہنا مکروہ ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کی بلکہ بارگاہِ خیرالانام میں حاضری دینے والوں کو یہ کہنا چاہیے کہ ہم نے بارگاہِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کی۔

علماء فرماتے ہیں: آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ادب واحترام کا تقاضہ یہ ہے کہ وہاں حاضری کو بارگاہِ نبوی میں حاضری کہا جائے کیونکہ زائر اس مقدّس ذاتِ گرامی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہے جو اسے دیکھتے ہیں، اس کا کلام سنتے ہیں، اس کے سلام کا جواب دیتے ہیں اور اسے خوب جانتے پہچانتے ہیں۔

زیارت کے وقت مندرجہ ذیل آداب کا خیال رکھنا چاہیے:

http://www.iahlesunnat.net



حاضری کے وقت خالص زیارتِ اقدس کی نیت کریں یہاں تک کہ مسجد شریف کی نیت بھی شریک نہ کریں۔

راستے بھر درود وسلام کی کثرت کریں اور جس قدر مدینہ طیبہ قریب آتا جائے، ذوق وشوق زیادہ ہوتا جائے۔

جب حرمِ مدینہ نظر آئے تو بہتر یہ ہے کہ پیدل ہوجائیں، سر جھکائے آنکھیں نیچی کئے درود وسلام کی کثرت کریں اور ہو سکے تو ننگے پاؤں چلیں۔

حاضری سے قبل تمام ضروریات سے جلد فارغ ہوجائیں تاکہ بوقت حاضری دل ان کے خیال میں نہ اُلجھے۔ مسواک اور وضو کریں اور غسل کرسکیں تو بہتر ہے، پھر بہترین سفید کپڑے پہنیں، سرمہ اور خوشبو بھی لگائیں۔

پہلے مسجد نبوی شریف میں داخل ہوکر دو رکعت تحیۃ المسجد اور پھر

http://www.iahlesunnat.net



دو رکعت شکر کے لئے پڑھیں کہ ربِ کریم نے حبیبِ لبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درِ اقدس پر پہنچا دیا۔

آنکھ، کان، زبان، ہاتھ، پاؤں، دل سب خیالِ غیر سے پاک کر کے خشوع وخضوع کے ساتھ بارگاہِ اقدس کی طرف چلیں۔ کمالِ ادب میں ڈوبے ہوئے، گردن جھکائے، آنکھیں نیچی کئے، لرزتے کانپتے، گناہوں کی ندامت سے پسینہ پسینہ ہوتے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عفو وکرم کی امید رکھتے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاؤں مبارک کی سمت سے یعنی بابِ بقیع سے مواجہہ اقدس میں حاضر ہوں۔ (آج کل زائرین کو باب السلام سے حاضری کا موقع دیا جاتا ہے)

سنہری جالی مبارک میں چہرۂ انور کے مقابل ایک چاندی کی کیل لگی ہوئی ہے، اس کے سامنے کم از کم چار ہاتھ کے فاصلے پر قبلہ کو پیٹھ اور مزارِ پُرانوار کو منہ کر کے نماز کی طرح ہاتھ باندھے کھڑے ہوں۔ پھر

http://www.iahlesunnat.net



نہایت ادب و خشوع سے آقا و مولیٰ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں سلام عرض کریں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدِيْ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدِيْ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدِيْ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْن

اگر کسی نے بارگاہِ نبوی ﷺ میں سلام عرض کرنے کو کہا ہے تو اس کی طرف سے بھی سلام عرض کریں۔ پھر اپنے لئے، اپنے والدین، اولاد، عزیزوں، دوستوں اور سب مسلمانوں کے لئے حضور ﷺ سے شفاعت مانگیں

"اَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه ﷺ"

http://www.iahlesunnat.net



میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ! میں آپ سے شفاعت کا طلب گار ہوں۔

مجرم بلائے آئے ہیں جاوك ہے گواہ
پھر رد ہوں کب یہ شان کریموں کے در کی ہے
تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے

پھر اپنے دائیں طرف ایک ہاتھ ہٹ کر سیّدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں سلام عرض کریں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَزِيْرَ رَسُوْلَ اللهِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ

پھر مزید ایک ہاتھ دائیں طرف ہٹ کر سیّدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں سلام عرض کریں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

http://www.iahlesunnat.net



اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عِزَّ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ
وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

پھر بالشت بھر بائیں طرف ہٹ کر سیّدنا ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان کھڑے ہوکر دونوں پر سلام عرض کریں اور شفاعت کی درخواست کریں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا خَلِيْفَتَيْ رَسُوْلِ اللهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا وَزِيْرَيْ رَسُوْلِ اللهِ
اَسْئَلُكُمَا الشَّفَاعَةَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ

پھر دوبارہ آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ اقدس کے سامنے کھڑے ہوکر درود وسلام عرض کریں اور خوب دعائیں مانگیں۔

علماء کے نزدیک قبر اطہر اور زمین کا وہ حصہ جو سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس سے لگا ہوا ہے، وہ تمام زمین وآسمان حتیٰ کہ

http://www.iahlesunnat.net



کعبہ وعرش وکرسی سے بھی افضل ہے۔

فقہاء محدثین کرام نے لکھا ہے "یقف کما یقف فی الصلوٰۃ" یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے ایسا کھڑا ہو جیسا نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔ اگر بعض ناسمجھ منع کریں اور آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف سے منہ موڑنے کو کہیں تب بھی محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف سے ہرگز منہ نہ موڑیں اگرچہ دونوں ہاتھ چھوڑ کر حالتِ قیام کی طرح مؤدبانہ کھڑے رہیں۔

صحابہ وتابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب روضۂ اقدس پر حاضر ہوتے تو قبلہ کی طرف پیٹھ کر کے منہ آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف کرتے۔

ارشادِ قرآنی ہے: "فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ط"

ترجمہ: تو تم جدھر منہ کرو ادھر "وجہ اللہ" (اللہ کی رحمت) ہے۔

http://www.iahlesunnat.net



حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوتے تو ایسے انہماک سے مؤدب کھڑے ہوتے کہ دیکھنے والوں کوشبہ ہوجاتا کہ وہ شاید نماز پڑھ رہے ہیں۔(کتاب الشفا)

مجددِ دین وملت، اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آدابِ زیارت میں یہ بھی تحریر فرمایا: خبردار! جالی شریف کو بوسہ دینے یا ہاتھ لگانے سے بچو کہ خلافِ ادب ہے، بلکہ چار ہاتھ فاصلہ سے زیادہ قریب نہ جاؤ۔ یہ اُن کی رحمت کیا کم ہے کہ تم کو اپنے حضور بُلایا، اپنے مواجہہ اقدس میں جگہ بخشی، ان کی نگاہ کریم اگرچہ ہر جگہ تمہاری طرف تھی، اب خصوصیت اور اس درجہ قرب کے ساتھ ہے۔(بہارِ شریعت، انوار البشارۃ)

بارگاہِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب کا خیال رکھو، یہ وہ عظیم بارگاہ ہے جہاں آواز بلند کرنے سے تمام اعمال برباد ہوجاتے ہیں۔ اکثر

http://www.iahlesunnat.net



لوگ بابِ بقیع کے قریب ہی موبائل فون پر اونچی آواز میں باتیں کرتے ہیں جو کہ سخت بے ادبی ہے۔

مسجد نبوی میں ایک متبرک جگہ ریاض الجنۃ ہے جس کے متعلق آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے: میری قبر اور میرے منبر کی درمیانی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

(بخاری، مسلم)

ریاض الجنۃ میں محرابِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بلکہ مسجد نبوی کے ہر ستون کے پاس جس قدر ہو سکے نوافل ادا کریں۔

مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ایک سانس بھی بیکار نہ جانے دو۔ ضروریات کے سوا زیادہ سے زیادہ وقت مسجد نبوی میں نماز وتلاوت اور درود وسلام میں گزارو۔

شہر میں خواہ شہر سے باہر جہاں کہیں گنبد مبارک پر نظر

http://www.iahlesunnat.net



پڑے فوراً ادھر منہ کر کے درود وسلام عرض کرو۔ بغیر اس کے ہرگز نہ گزرو کہ خلافِ ادب ہے۔

صحیح حدیث میں ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: میری مسجد میں جس کی چالیس نمازیں فوت نہ ہوں اس کے لئے دوزخ اور نفاق سے آزادی لکھی جاتی ہے۔ (مسند احمد)

حدیث پاک میں ہے کہ مسجد قباء میں دو رکعت نفل کا ثواب ایک عمرہ کے برابر ہے۔ (ترمذی)

جنت البقیع کی زیارت کریں اور دعا مانگیں۔ یہاں سیّدنا عباس، سیّدنا عثمان، ازواج و بناتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیّدنا ابراہیم بن رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیّدنا حسن اور کثیر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم آرام فرما ہیں۔

خصوصاً سیّدنا امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار قبولیتِ دعا کے

http://www.iahlesunnat.net



لئے اکسیر ہے۔شہدائے احد کی بھی زیارت کریں اور وہاں دعا مانگیں۔

# ﴿الوداعی حاضری﴾

جب مدینہ طیبہ سے واپسی کا ارادہ ہو تو مسجد نبوی میں دو نفل پڑھ کر مواجہہ اقدس میں حاضر ہوں اور آقا و مولیٰ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں درود و سلام پیش کر کے یوں عرض کریں: اے اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اے میرے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں آپ سے شفاعت و رحمت کا طالب ہوں۔ میرے آقا! میری اس حاضری کو آخری حاضری نہ بنایئے گا بلکہ میرے لئے یہاں دوبارہ حاضر ہونا آسان بنا دیجئے گا۔ میرے آقا! کرم کیجئے کہ مجھے، میرے والدین، میرے اہل و عیال اور عزیز و اقارب کو رحمت و مغفرت، صحت و تندرستی اور سکون و سلامتی نصیب ہو اور یہ گنہگار دوبارہ آپ کی بارگاہ میں حاضری

http://www.iahlesunnat.net



کا شرف پائے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت وجدائی میں رنجیدہ ہوں اور ہو سکے تو آنسو بہائیں اور یہ عرض کریں:

کعبہ کے بدر الدجے تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
دل کرو ٹھنڈا میرا وہ کفِ پا چاند سا
سینے پہ رکھ دو ذرا، تم پہ کروڑوں درود
ہم نے خطا میں نہ کی تم نے عطا میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود
تم ہو جواد و کریم تم ہو رؤف و رحیم
بھیک ہو داتا عطا تم پہ کروڑوں درود

صلی اللہ علی النبی الامی وآلہ وسلم

برحمتك یا ارحم الرحمین

http://www.iahlesunnat.net



# No Profit No Loss Hajj Group

الحمدللہ گذشتہ کئی سالوں سے حجاجِ کرام کی رہنمائی کے لئے گورنمنٹ اسکیم کے تحت "No Profit No Loss" حج گروپ تشکیل دیا جاتا ہے جس کا مقصد خالصتاً حجاجِ کرام کی خدمت ہے۔ گروپ کا حصہ بننے کے لئے جنوری کے اوائل میں رابطہ فرمائیں۔

پتہ: مدرسۃ المصطفیٰ پاکستان، میز نائن فلور، پولیس چوکی، کھارادر، کراچی۔

وقت: رات 09 تا 11

رابطہ: 0333-3522403

0321-8227868

www.iahlesunnat.net